اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والے مدنی پھول ﴿ذوالحجۃ الحرام﴾

﴿عالمی مجلسِ مشاورت﴾

ماہِ ذوالحجۃ الحرام میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا کام ہوتا ہے قربانی کی کھالیں جمع کرنا، اس کے لیے کوشش کرنا، ترغیب دلانا سب ثواب کے کام ہیں اور دین کی سربلندی کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ یاد رہے! قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنا، اس کے لیے معاونت کرنا دعوتِ اسلامی کا "مقصد" نہیں "ضرورت" ہے۔

فرمانِ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه: "جس نے قربانی کی کھالیں جمع کیں میں اُن سے خوش ہوں اور جس نے جان بوجھ کر سُستی کی وہ اس کا مفہومِ مخالف سمجھ لیں۔" (21 ذوالحجۃ الحرام 1432ھ)

چنانچہ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه کا دل خوش کرنے کے لیے ہر سطح کی مشاورتیں نیت کریں کہ:

ہم اپنے وقت، آرام و نیند کی قربانی دے کر اللہ پاک کی عطا سے انفرادی کوشش کی صلاحیت کو بروئے کار لا کر خوب کھالوں کی وصولی کے لئے نہ صرف خود کوشش کریں گے، بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی ترغیب دلاتے رہیں گے۔

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِيْم

## دُعائے عطّار:

"یَا اللہ پاک رمضان المبارک میں ڈونیشن اور بقر عید میں کھالوں کے لئے کوشش کر کے جو عاشقانِ رسول میرا دل خوش کرتے ہیں، ان سے ہمیشہ کے لئے راضی ہو جا اور ان کے صدقے مجھ سے بھی سدا کے لئے راضی ہو جا، انہیں میٹھا مدینہ دِکھا اور جو مدینہ دیکھ چکے انہیں بار بار مدینہ دِکھا کر بقیع پاک میں مدفن عطا فرما۔ (مدنی چینل پر مدنی مذاکرہ ذوالحجۃ الحرام 1432ھ)

اٰمِين بِجَاهِ خَاتَمِ النَّبِيّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

﴿1﴾ **"دعوتِ اسلامی کے تحت پاکستان میں قربانی کرنے اور کھالوں کی کارکردگی (ذیلی حلقہ تا عالمی سطح)"** کے مطابق مد سے ذیلی حلقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت کے درمیان اہداف دیئے جائیں۔ مشاورتوں کو ذاتی ہدف بھی دیا جائے گا لہٰذا ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اپنے گھر کے جانور کی کھال دعوتِ اسلامی کو دیں نیز اپنے رشتے داروں اور پڑوسیوں پر بھی اس سلسلے میں انفرادی کوشش کریں۔

﴿2﴾ ذیلی حلقہ نگران اپنی تمام متعلقہ ذمہ داران، معلمات، مبلغات، مدرسۃ المدینہ (بالغات) اور گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز کی مُدرِّسات کو اور مُدرِّسات کے ذریعے تمام پڑھنے والیوں بلکہ ہر منسلک کو ہدف دیں۔

☆ گھروں میں انفرادی طور پر پڑھانے والی مدرِّسات کو بھی کھالوں کا ہدف دیا جائے کہ وہ اِس سلسلے میں اہلِ خانہ پر انفرادی کوشش کریں۔

﴿3﴾ جامعۃ المدینہ (گرلز) / مدرسۃ المدینہ (گرلز) / دارالمدینہ سے وابستہ اسلامی بہنیں جن پر تنظیمی ذمہ داری ہے تو وہ اپنی ماتحت ذمہ داران کو قربانی کی کھالیں یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) میں جمع کروانے کا ذہن دیں البتہ اپنی ذاتی کھالوں (اپنے گھر یا رشتے داروں، پڑوسیوں وغیرہ کے ذریعے وصول کریں) پر انہیں اختیار ہے کہ چاہیں تو جامعۃ المدینہ (گرلز) / مدرسۃ المدینہ (گرلز) / دارالمدینہ میں جمع کروائیں یا چاہیں تو یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) میں جمع کروائیں۔

☆ جامعۃ المدینہ (گرلز) کی طالبات، معلمات ذمہ داران مطلق ہر ایک سے کھالیں وصول کر سکتی ہیں چاہے منسلک ہو، شخصیات و مخیر ہوں البتہ ایسی شخصیات جن سے ذمہ دار اسلامی بہنیں یا اسلامی بھائی پہلے بڑی رقم لیتے ہیں اُن سے رابطہ نہ کریں اور ناظمہ یا معلّمہ باجی کا ایسا رابطہ ہے کہ وہ ذمہ دار سے زیادہ ڈونیشن لے سکتی ہیں تو ناظمہ تنظیمی ذمہ دار کو اعتماد میں لے کر کھالیں وصول کریں۔

☆ مذکورہ بالا اسلامی بہنیں اگر تنظیمی ذمہ داران نہیں ہیں اگر انہوں نے بھی اپنی ذاتی ہدف کی کھالیں اپنے یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) میں جمع کروائیں تو اُن کو کچھ نہ کہا جائے کہ منسلک کو ہم پابند نہیں کر سکتے (جہاں جمع کروائیں وہاں سے تصدیق کی پرچی منگوا لیں تاکہ اس کا بھی ریکارڈ بن جائے) مگر اُسے کارکردگی میں شمار نہ کیا جائے کیونکہ اس طرح ایک اسلامی بہن کی کارکردگی دو جگہ لکھی جائے گی۔

﴿4﴾ جو صاحبِ نصاب ہونے کے باوجود قربانی کے لیے جانور خریدنے کی استطاعت نہ رکھے انہیں اجتماعی قربانی میں حصہ ملانے کی ترغیب دلائیں۔ (یاد رہے! ہر جگہ دعوتِ اسلامی کے تحت قربانی نہیں ہوگی، جہاں دعوتِ اسلامی کے تحت اجتماعی قربانی کا اہتمام ہو وہیں ترغیب دلائی جائے۔)

﴿5﴾ اگر کسی کی قربانی کرنے کی حیثیت نہیں ہے تو 500، 1000، 1200، 2000 یا اِس سے زائد اپنی حیثیت کے مطابق رقم دعوتِ اسلامی کے فنڈ میں کھال کے بدلے جمع کروادیں، اپنے نفس کو مار کر رقم کی قربانی دیں اور یوں دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں میں مددگار بنیں۔

**دعائے عطار** دَامَتْ بَرَکَاتُہم العالِیَہ! **! جو کوئی قربانی کی کھال یا اجتماعی قربانی یا کھالوں میں جس طرح کا بھی تعاون کرے، اس میرے مدنی بیٹے، مدنی بیٹی کو اور خصوصاً جو قربانی نہیں کرسکتا پھر بھی 500، 1000، 2000 اپنی حیثیت سے دعوتِ اسلامی کے فنڈ میں جمع کروائے اللہ پاک ان سب کو دونوں جہانوں کی بھلائیوں سے مالا مال فرما اور بے حساب مغفرت اُن کا مقدّر کردے۔"** (مدنی مذاکرہ سلسلہ:1729)

امین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

﴿6﴾ ڈویژن (اوورسیز میں زون) / تحصیل (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اپنے اپنے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں ذوالقعدۃ الحرام میں "دعوتِ اسلامی کو قربانی کی کھالیں جمع کروانے کی اہمیت" پر بیان کے ذریعے قربانی کی کھالیں جمع کروانے کی ترغیب دلائیں گی اس ماہانہ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں میں تمام شعبہ مشاورتیں خود بھی شرکت کریں اور مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز مدرّسات کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

﴿7﴾ جن جن اسلامی بہنوں نے رمضان المبارک میں ڈونیشن جمع کروائے ہوں ان پر اور جن کے گھر محفل نعت یا جہاں غسلِ میّت کے لئے جاچکی ہوں ان پر اور شخصیات پر بھی کھالیں جمع کروانے کے لئے خصوصی طور پر انفرادی کوشش کی جائے۔ انفرادی کوشش کے وقت مکتبۃ المدینہ کا جاری کردہ کارڈ "قربانی کا جانور خریدنے وغیرہ کی 8 نیتیں" تحفۃً دیا جائے۔

﴿8﴾ ہماری انفرادی کوشش بہت مضبوط ہو کہ "اگر اہل خانہ یوں کہیں کہ "ابھی کچھ پتہ نہیں کہ ہم جانور لیں گے یا نہیں !" اور یہ بھی نہیں معلوم کہ کون سا جانور لیں گے" پھر بھی ہماری اسلامی بہن اُن پر بھرپور انفرادی کوشش کریں۔

(یاد رہے! یہاں رسید دینے کا مقصد ان کو پابند کرنا ہے۔ ان کا نام فارم میں لکھ لیا جائے باقی معلومات بعد میں حاصل کرلی جائیں)

☆ رسیدوں کا استعمال بکنگ کے طور پر نہ کیا جائے، جو آن لائن فارم دیا گیا ہے اس کے ذریعے ہی بکنگ کی جائے اور جب اسلامی بھائی کھال اٹھائیں اس وقت رسید دی جائے۔

☆ آن لائن نیت فارم کیسے پُر کیا جائے اس کی ویڈیو آن لائن فارم کے فرنٹ پیج پر موجود ہے اس کو ضرور ملاحظہ کیا جائے۔

☆ ہر سطح کی ذمہ داران مشاورتیں مع مُدرِّسات کے لئے اگر آسانی ہو تو ان کی وہ ماتحت اسلامی بہنیں جو اپنے پڑوسیوں اور رشتے داروں کو خود کھال دینے کے لئے قائل نہ کرسکتی ہوں تو فون پر یا نیکی کی دعوت دینے کی نیت سے ان کے ساتھ جاکر ان پر انفرادی کوشش کریں۔

☆ کورس "**آئیے دینی کام سیکھئے**" یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) تا عالمی سطح کی ذمہ داران کے ذریعے کروایا جائے اور شارٹ کورسز ذمہ داران سے بھی مدد لی جائے۔

☆ تمام ذمہ داران و شعبہ مشاورتیں و مدرِّسات یہ کورس کریں۔

☆ اسلامی بہنیں گھر گھر جاکر علاقائی دورہ کے دوران اور جہاں جانور باندھے جاتے ہیں وہاں کھالوں کی وصولی کے لئے انفرادی کوشش ہرگز نہ کریں۔

﴿9﴾ 9 ذوالحجۃ الحرام اور عید الاضحیٰ کے 3 دِنوں میں ہر سطح کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، علاقائی دورہ اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کا دن آئے تو اُس دن اجتماع، علاقائی دورہ اور سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ نہیں ہوگا، سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کا دن آئے تو صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران کی اجازت سے دن تبدیل کرلیا جائے۔ اور ان ایام میں مدرسۃ المدینہ (بالغات) گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز کی بھی چھٹی ہوگی

اللہ پاک! حضرت **سَیِّدُنَاابراہیم واسمٰعیل** عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی مقبول قربانیوں کے صدقے ہمیں اپنا **تَنْ**، **مَنْ**، **دھَنْ** اپنے اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پاک پر قربان کرنے کی سعادت عطا فرمائے۔ امین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

تیرے نام پہ ہو قرباں میری جان جانِ جاناں
ہو نصیب سر کٹانا مدنی مدینے والے صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (وسائل بخشش)